27/09/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  مشاہد حسین سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج
ا

---

ڈیشہ کے دورے کے دوران 60 ہزار کروڑ روپے کی لاگت والے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں میں ± سے کچھ کا افتتاح کیا اور کچھ کا سنگِ بنیاد رکھا۔ انہوں نے ٹیلی کام کنیکٹوِٹی کے شعبے میں ٹاورز عوام کے نام وقف کئے۔ یہ ٹاورز ، دیسی ٹکنالوجی کے 97G ہزار 5 سو سے زیادہ موبائل 4 ذریعے تقریباً 37 ہزار کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کیے گئے ہیں۔

ورلڈ ٹورازم ڈے

آج ورلڈ ٹورازم ڈے منایا جا رہا ہے۔لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج کے دن کی مناسبت سے سیاحوں کو جموں کشمیر کی سیر پر آنے کی دعوت دی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا ہے کہ یوٹی قدرتی حسن اور مہمان نوازی کی نعمت سے مالا مال ہے اور یہاں سیاحوں کو ہر طرح کی سہولیات میسر رہتی ہیں ۔

ورلڈ ٹورازم ڈے کے سلسلے میں آج محکمہ سیاحت کشمیر کے اہتمام سے سرینگر ، پہلگام اور گلمرگ میں خصوصی تقریبات منعقد ہو رہی ہیں۔ جموں میں بھی اس دن کی مناسبت سے پروگراموں کا انعقاد ہو رہا ہے ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں کشمیر کے کئی دیہی علاقوں میں حالیہ سیلاب کے نتیجے میں تباہ ہوئے پانچ ہزار5 ہزار 61 مکانوں کی دوبارہ تعمیر کو منظوری دینے کے لئے وزیر اعظم نریندر مودی اور دیہی ترقی کے وزیر شو راج سنگھ چوہان کا شکریہ ادا کیا ہے ۔

## نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیراعلیٰ سرندر کمار چودھری نے کل آکاشوانی جموں میں ہندی پکھواڑہ کی اختتامی تقریب میں شرکت کی ۔ انہوں نے مادری اور علاقائی زبانوں کے اقدار کو بر قرار رکھتے ہوئے ہندی زبان کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا ۔

## چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کل صنعت و حرفت محکمے کی ایک میٹنگ میں سنگل وِنڈو پورٹل کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے صنعت کاروں اور کار خانہ داروں کو تمام خدمات بغیر کسی رکاوٹ کے مہیا رکھنے کی ضرورت پر زور دیا ۔

## سیوا پرو

اس دوران جموںو کشمیر بھر میں سیوا پرو کے تحت سرگرمیوں کا انعقاد جا ری ہے۔ ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیر پا نے سیوا پرو کے تحت منعقدہ پروگرام میں مشن یووا کے پچاس حقداروں میں تقسیم کئے Sanction Letters ۔

گاندربل میں لیڈ ڈسٹرکٹ آفس کے اہتمام سے گرلز ہائر سیکنڈری سکول میں مالی شمولیات پر مبنی جانکاری کیمپ منعقد ہوا ۔

بانڈی پورہ میں سیوا پرو کے تحت مشن وَتسالیہ کے ڈسٹرکٹ چائلڈ پروٹیکشن یونٹ کے اہتمام سے کمیونٹی آوٹ ریچ پروگرام کا انعقاد ہوا ۔

اس دوران ٹاون ہال ترال میں منعقد ہوئے سیوا پرو پروگرام میں ایم ایل اے ترال رفیق احمد نائک اور ڈپٹی کمشنر پلوامہ ڈاکٹر بشارت قیوم نے بھی شرکت کی ۔

بڈگام ، شوپیان اور دیگر اضلاع میں بھی سیوا پرو کے تحت کئی پروگرام منعقد ہوئے ۔

اگنو کے اہتمام سے سوچھتا مہم کے تحت نگین جھیل میں صفائی مہم منعقد کی گئی ۔

## سوستھ ناری

جموںو کشمیر کے مختلف ضلعوں میں سوستھ ناری سشکت پریوار ابھیان کے تحت بھی خصوصی پروگراموں کا انعقاد جا ری ہے۔

کمیونٹی ہیلتھ مراکز ، پرائمری ہیلتھ سینٹروں اور آیوشمان آروگیہ مندروں میں محکمہ صحت کی طرف سے یہ سرگرمیاں دو اکتوبر تک جاری رہیں گی ۔

GST

اصلاحات نافذ کرنے سے اب لوگوں کو حیات بخش ادویات سمیت دیگر کئی GST ملک میں جدید چیزیں مناسب نرخوں پر دستیاب ہوں گی۔

نظام سے فائدہ اٹھا کر اس کی بڑے پیمانے پر پذیرائی کر رہے ہیں۔ GSTعوامی حلقے نئے

....................

ڈپٹی کمشنر سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے متعلقہ افسران کی ایک میٹنگ کے دوران سرینگر شہر میں ٹریفک کی گنجائیت کو کم کرنے اور اس نظام میں معقولیت لانے کے لئے کئے جا رہے اقدامات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے ٹریفک قوانین پر مکمل عمل آوری کو یقینی بنانے کے لئے متعلقین کو ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت دی ۔

صدر جمہوریہ ایوارڈ

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو نے کل راشٹر پتی بھون کلچرل سینٹر نئی دلی میں نیشنل جیو سائنس ایوارڈ 2024 عطا کئے ۔

School of Earth and Environmental ایوارڈ حاصل کرنے والوں میں کشمیر یونیورسٹی میں شعبے کے سربراہ پروفیسر غلام جیلانی بھی شامل ہیں Earth Sciences کے ڈین اور Sciences ۔ یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے اس حصولیابی پر پروفیسر غلام جیلانی کو مبارک باد دی ہے ۔

داخلے

امتحان پاس کرنے والے طالب علموں کی خاطر تدریسی Biannual اعلیٰ تعلیم محکمے نے 10+2 سال 2025-26 کے لئے جموں کشمیر کے سبھی کالجوں میں چار سالہ انڈر گریجویٹ پروگرامز میں داخلے کا اعلان کیا ہے ۔

ڈائریکٹر کالجز جموں کشمیر ڈاکٹر شیخ اعجاز بشیر کی جانب سے جاری کئے گئے ایک پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ رجسٹریشن سمرتھ پورٹل jkadmissions.samarth.ac.in پر کی جا سکتی ہے ۔ یہ پورٹل سوموار 29 ستمبر سے کھولا جائے گا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ